باسمہ تعالیٰ



الجامعۃ الاسلامیہ دار العلوم دیوبند الہند

Darul Uloom Deoband

PIN 247554, U.P. INDIA

Ref.: 230/1/AH

Date: 20/12/25

محترم المقام جناب مشہود احمد صاحب

لندن

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید کہ آپ بخیر ہوں گے۔

ہمیں یہ اطلاع دیتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ آپ کے دادا جان، حضرت مولانا مفتی محمد نعیم لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ کا 1934 یعنی برطانوی ہند میں جاری شدہ پاسپورٹ فیڈرل ایکسپریس کوریئر کے ذریعے بحمد اللہ بحفاظت دار العلوم دیوبند پہنچ چکا ہے۔

آپ کی خواہش کے مطابق یہ تاریخی دستاویز کتب خانہ دار العلوم دیوبند کے میوزیم میں رکھ دی جائے گی، تا کہ یہ علمی و تاریخی ورثہ آئندہ نسلوں کے لیے بھی محفوظ رہے۔ دار العلوم دیوبند سے آپ کی محبت، اعتماد اور تعاون کے لیے ہم تہہ دل سے شکر گزار ہیں۔ آپ نے جس ذمہ داری اور اخلاص کے ساتھ یہ امانت دار العلوم کے سپرد کی، وہ قابلِ قدر اور لائقِ تحسین ہے۔

اس سے قبل آن لائن ذرائع سے یہ بات معلوم ہوئی تھی کہ ''حضرت مولانا محمد نعیم لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ اور اکابرین جمعیۃ علمائے ہند کی زریں خدمات'' کے عنوان سے ایک ہزار سے زائد صفحات پر مشتمل ایک ضخیم اور اہم کتاب شائع ہو چکی ہے، لیکن یہ کتاب تا حال ہندوستان میں دستیاب نہیں ہو سکی۔ اگر مستقبل میں اس علمی سرمایہ کے حصول کی کوئی صورت ممکن ہو تو یہ دار العلوم کی لائبریری کے لیے بیش قیمت تحفہ ہوگا۔

آپ کا سلام ہمیں موصول ہوا، جس پر ہم شکر گزار ہیں۔ دار العلوم کے تمام متعلقین آپ کے لیے دعا گو ہیں، اور ہم خدام دار العلوم بھی آپ سے دار العلوم دیوبند کے لیے دعاؤں کی درخواست کرتے ہیں۔ جزاکم اللہ خیرا وحسن الجزا!

والسلام

ابوالقاسم نعمانی

مہتمم دار العلوم دیوبند

+91-1336-222429 / FAX: +91-1336-222768 darululoomdeoband.com info@darululoomdeoband.com